Volume X
No. 30

SP—X—30—77 (E)
250

# THE SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## OFFICIAL REPORT

Friday, January, 7, 1977

CONTENTS

| | Pages |
|---|---|
| Resolution *Re* : Total prohibition of the use of 'Haram' drinks and food in official functions—*Deferred* ... ... | 419 |
| Resolution *Re* : Small Dams Schemes for Barren lands of Karachi and Sibi districts in Baluchistan—*Deferred* ... | 420 |
| Resolution *Re* : The Ziarat Residency, Baluchistan to be named after the Quaid-e-Azam—*Adopted Unanimously* ... | 420 |
| Motion *Re*: Unsatisfactory conditions prevalent in the Pakistan Railways—*Deferred* ... ... ... ... | 438 |

PRINTED AT THE MERCANTILE PRESS, 42, CHAMBERLAIN ROAD, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI

*Price : Paisa 50*

SENATE DEBATES

# SENATE OF PAKISTAN

Friday, January 7, 1977

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Qur'an)*

## RESOLUTION *RE*: TOTAL PROHIBITION OF THE USE OF 'HARAM' DRINKS AND FOOD ARTICLES IN OFFICIAL FUNCTIONS

**Mr. Chairman :** Item No. 2. Khawaja Mohammad Safdar is not here ?

**Malik Mohammad Akhtar** (Minister for Law and Parliamentary Affairs): He is not here. It may be deferred, Sir. It was moved but it may be deferred.

**Mr. Chairman :** There is a written request also by the Minister.

> "Item No. 2 on the agenda may please be deferred to some other Private Members' Day. The Minister concerned and myself, too, will be busy in the National Assembly."

**Malik Mohammad Akhtar :** In any case, I have come, Sir, to make that request because I could get ten minutes time to come here from the National Assembly.

**Mr. Chairman :** All right. I sound the House.

Should it be postponed to some other date ?

**Voices :** Yes.

**Mr. Chairman :** All right. This item stands postponed to some other Private Members Day, you see. It is Friday, always.

**Malik Mohammad Akhtar :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** We will consider it if the Minister concerned is present next time. Now we take up item No. 3. Mr. Khoso, this was also moved ?

## RESOLUTION *RE* : SMALL DAMS SCHEMES FOR BARREN LANDS OF KACHCHI AND SIBI DISTRICTS IN BALUCHISTAN

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Yes, Mr. Chairman Sir, it was moved last Friday.

**Mr. Chairman :** It was under discussion ?

**Mr. Afzal Khan Khoso :** It was only moved.

**Malik Mohammad Akhtar :** It was only moved and again, Sir, the Minister for Fuel and Power and everybody is busy in the National Assembly and it is requested that it may be deferred because we are continuing this session. Senate will be in session for some days more.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** I have no objection. I concede to the honourable Law Minister.

**Mr. Chairman :** All right. This resolution also stands deferred to next Private Members' Day.

Yes, Qazi Faizul Haque Khan.

## RESOLUTION *RE* : THE ZIARAT RESIDENCY, BALUCHISTAN TO BE NAMED AFTER THE QUAID-E-AZAM

**Qazi Faizul Haque :** Sir, I beg to move :

> "That the Ziarat Residency, Baluchistan where the Quaid-e-Azam spent the last days of his life be named as the Quaid-e-Azam House."

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

> "That the Ziarat Residency, Baluchistan where the Quaid-e-Azam spent the last days of his life be named as the Qauid-e-Azam House."

**Malik Mohammad Jafar** (Minister of State for Science and Technology, Cultural Affairs and Provincial Coordination) : I will deal with this.

**Mr. Chairman :** You are present. All right, Qazi Sahib.

**Malik Mohammad Akhtar** : Before the discussion starts I would like to beg your leave as I have to attend the National Assembly Session. Actually it is at the conclusion of the sitting. But may I request you, Sir, and the House also to work on Saturday which is normally a holiday ?

**Mr. Chairman** : You mean tomorrow?

**Malik Mohammad Akhtar** : Tomorrow, in the morning we meet at 10.00 a.m., Sir, if the House agrees to that. I have come to make that request.

**Mr. Chairman** : You could make this request at the time of the conclusion of today's sitting.

**Malik Mohammad Akhtar** : I have to leave because some technical aspects are being discussed in the National Assembly and I have to go there.

**Mr. Chairman** : I see your presence is necessary there.

Since the Law Minister is going to the National Assembly to participate in the debate,—you know about the two Ordinances which are being laid before that House for consideration, he has requested that we should meet tomorrow. Normally Saturday is always treated as a holiday. We never meet on Saturday—rather we very seldom meet on Saturday. His request is that we should meet tomorrow. Is there any opposition to his request?

**Members** : No objection.

**Mr. Chairman** : You agree all ?

**Members** : Yes, Sir.

**Mr. Chairman** : All right. Malik Mohammad Akhtar, if you want to go, you can go and we will adjourn the House to meet tomorrow. Should it be in the evening or morning?

**Malik Mohammad Akhtar** : Morning, Sir.

**Mr. Chairman** : All right. Qazi Sahib you continue.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Sir, I have a simple suggestion to make in the form of an amendment if it is accepted by Qazi Sahib first and then, of course, by the honourable House. It is a very technical suggestion in the form of an amendment.

**Mr. Chairman** : You want to move an amendment but you have given no notice of it.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** No, Sir. I am relying on Rule 118, if I am permitted to do so.

**Mr. Chairman :** Well, the Rule says :

> "118. After a resolution has been moved, any member may, subject to these rules, move an amendment to the resolution."

What is the time required for an amendment?

**Mr. Afzal Khan Khoso :** There is no time limit over here under this present rule.

**Mr. Chairman :** Is there any restriction?

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Yes, Sir, the restriction is that the nature and character or the original Resolution may not be changed in the form of an amendment.

**Mr. Chairman :** All right. What is your amendment?

**Mr. Afzal Khan Khoso :** I would humbly submit this. I beg to move this amendment that the present Resolution may be read in this form :

> "That the Ziarat Residency, Baluchistan where the Quaid-e-Azam spent the last day of his life be named as the Quaid-e-Azam Lodge."

Sir, the difference is only of 'House' and 'Lodge' and I would submit my arguments for that.

**Mr. Chairman :** So your amendment should read :

> "That the last word 'House' should be replaced by the word 'Lodge'."

The rest of the Resolution will stand as it is.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** You only want to substitute the word 'Lodge' for the last word 'House'.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Yes, Sir, because I personally feel that that will be more suitable.

**Mr. Chairman :** Let us ask Qazi Sahib if he has any objection.

**Qazi Faizul Haque :** I have no objection but let the honourable Member explain the difference between 'House' and 'Lodge'.

**Mr. Chairman :** There must be some difference. It is not for nothing that he has moved this amendment. There must be some significance of this substitution.

**Qazi Faizul Haque :** Let him explain.

**Mr. Chairman :** I do not know what are his arguments. He will explain it. Any way you have no objection to the amendment being adopted?

**Qazi Faizul Haque :** I have no objection.

**Mr. Chairman :** First we will take up this amendment. He has no objection to the amendment being taken up. So I will read the amended Resolution. The amended Resolution proposed by Mr. Afzal Khan Khoso is :

> "That the Senate is of opinion that the Ziarat Residency, Baluchistan where the Quaid-e-Azam spent the last days of his life be named as the Quaid-e-Azam Lodge."

Yes, Mr. Khoso.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Do I have the permission?

**Qazi Faizul Haque :** Mr. Chairman, Sir.......

**Mr. Chairman :** Qazi Sahib, you will have your chance. Yes, Mr. Khoso.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, I have moved this amendment with a view simply that when we use the word. 'House', normally in the present context there are so many Houses in so many universities in the form of hostels. So one reason for my amendment is that. Then, Sir, secondly, it is not a House in the sense of a particular building belonging to a particular person. This was the place where Quaid-e-Azam was lodged during his last days. So I think if we use the English term "was he housed there or was he lodged there", I personally think that he was lodged there, he was not housed there. This is my second argument, and firstly as I have already said the 'House' nowadays refers to these hostels more than any thing else.

So I think this is not an amendment which changes the basic nature of the original amendment, and I think Qazi Sahib has not objected to it. I think it will be more suitable, and it will make a better appearance over there if instead of 'Quaid-e-Azam House' we read it as 'Quaid-e-Azam Lodge'. This is my simple argument.

**Mr. Chairman :** Would you like to say any thing on the merits of the Resolution? Well, the Resolution is placed now before the House, as amended. So you can continue.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Should not I speak afterwards?

**Malik Mohammad Jafar :** Sir, my point is that, of course, the mover of the Resolution has said that he has no objection but the point is that the Resolution has not been amended so far. So may I make a submission on this change of name?

Sir, my point is that the concept of a 'House' is different from a 'Lodge'. Now the Quaid-e-Azam is not residing there. That is another matter. He has died and in his memory we are creating this thing. We have, for instance, 'Friendship House', 'Culture House'. Now if we name it as 'Lodge' then we will also have to determine the use for which it is going to be put. It is not necessary that people will reside there. This is only a name, and in my opinion, Sir, the House is a proper thing just as I said that we have 'Culture House', 'Friendship House' and those things. That is only to show that it is being named for this particular purpose, not necessarily that somebody will reside or for what purpose it will be used presently. But when we say 'Lodge', then 'Lodge' is ordinarily used for a place which is being even now used for a residence, That is my submission. Therefore, I think that the word 'House' is more appropriate with the object that the mover had in mind.

**Syed Qamaruz Zaman :** Mr. Chairman, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes.

**Syed Qamaruz Zaman :** Mr. Chairman, Sir, I think the Honourable Senator who has moved the amendment, had something very special in his mind, and I would request the Honourable Minister of State to reconsider his views.

I think, firstly, his object in moving the amendment that the word 'House' be substituted by the word 'Lodge' would be to single out.

**Mr. Chairman :** No, no. 'Lodge' should be substituted for 'House'.

**Syed Qamaruz Zaman :** Yes, Sir, I am saying that the use of the word 'Lodge' would really single out this place as 'Quaid-e-Azam Lodge' and the moment the word is mentioned as 'Quaid-e-Azam Lodge', then there is not another 'Quaid-e-Azam Lodge' in the whole country and it would single out this place to be the place at Ziarat. Wherever a reference is made about 'Quaid-e-Azam Lodge' it would be singled out because as he very rightly said, there are a number of places which are called 'Quaid-e-Azam House'. There are hostels which are named as Quaid-e-Azam House', there are other places in the universities where these hostels and halls and other such small places are called 'Quaid-e- Azam House'.

Secondly, Sir, I would most humbly submit that the Residency at Ziarat is a place which is very nicely located on a hillock. I would most humbly submit to the honourable Minister that the difference between the two words 'Lodge' and 'House' is that a 'House' is a place which is a usual place of abode and the 'Lodge' is, on the contrary, a place which is used temporarily either at a hill station or on the beach. The name 'lodge' is usually given to a place which is not built as a formal

house, but as a recreational place, a place temporarily used by people for the purpose of recreation and holidays and it is usually situated on a hillock or by the side of a lake or on the beach. I think this particular building is situated at a very nice place in Ziarat, and it was a favourite place of Quaid-i-Azam, not as a permanent place of abode, but a place where he used to go in summers and spent his summers over there. Therefore, my humble submission is that not only the word 'Lodge' would single out the place and would distinguish it from other places but being at a hill station, and the way it is constructed and the scenic view around it, the more appropiate word would be 'Lodge' and not 'House', because it is not a formal place of residence. Thank you, very much, Sir.

**Mr. Chairman** : Well, Mr. Khoso, you can reply to the debate. I think the procedure should be like this that we hold discussion on this amendment. After it is discussed adequately and reasonable and sufficient time will be given for its discussion. If it is carried, well and good, and if it is not carried then we will take up the resolution. That is the procedure.

(*At this stage Mr. Afzal Khan stood up in his seat and wanted to say some thing*)

**Mr. Chairman** : Please resume your seat, I want to know and understand the procedure. I think personally although there is nothing in the rules strictly to that effect that we should now have a discussion on this amended resolution. It is an amended resolution. Whether it is accepted or rejected by the House, we will have discussion over it. It will be put to the House. If it is accepted, the resolution will be dropped but if it is rejected, we will hold discussion on the original resolution. I think that is the normal procedure. Yes, you want to correct me.

**Malik Mohammad Jafar** : No, Sir. I think let us not stick up to this verbal thing. I have a suggestion to make and perhaps that may be accepted by the mover of the resolution, by the mover of the amendment and by the House. Now, the point is, Sir, that a resolution is a recommendation to the Government to do some thing.

**Mr. Chairman** : And also expression of opinion actually.

**Malik Mohammad Jafar** : Yes, Sir. Now, this is a matter which concerns the Cultural Wing of the Ministry of Education and let us consider and discuss the merits. I would suggest that instead of this amendment, if the House is prepared to accept, let us say like this. This is a recommendation :

> "That the Senate is of opinion that the Ziarat Residency, Baluchistan ; where the Quaid-i-Azam spent the last days of his life be named as the Quaid-i-Azam House or Lodge."

Kindly leave it to the Government. There is the Provincial Government and there is the Cultural Wing of the Ministry of Education which are concerned. The object is that it should be named after the Quaid-e-Azam. That is the principal object, and let us say it Quaid-e-

[Malik Mohammad Jafar]

Azam House or Lodge. That will be a sufficient expression of opinion on behalf of the Senate, and suggestion will go with both the words 'House' and 'Lodge' and will be considered. This is my suggestion if that is acceptable to the House.

**Mr. Chairman** : It is upto the House to take any decision, but I will suggest one thing. After all, a resolution or amended resolution is to be placed before the House, and the duty of the House is to express its opinion. The Government may accept it or the Government may not accept it.

**Malik Mohammad Jafar** : Then, Sir,......

**Mr. Chairman** : Listen please. Don't cut me short. Don't cut me short. All right. So, after all the House is here only to express its opinion, but still it is open to the Government to accept that opinion, to reject that opinion or to amend that opinion. Now, if I accept your stand, you move another amendment to the original resolution, and we will have to take up your amended resolution. His is, 'House', Khoso's is 'Lodge' and yours is 'House or Lodge'.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Well, Sir, if that is the position, I would submit that this second amendment.........

**Mr. Chairman** : Mr. Khoso, if you don't agree, I would like the House to first discuss his amendment to amended resolution.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, Sir, but I would like it to be more expressed and it is mentioned in rule 115, sub-rule (3)...

**Mr. Chairman** : Let me get it. Yes ; it reads :

> "It shall be clearly and precisely expressed and shall be..."

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, Sir, this is my humble opinion.

**Mr. Chairman** : "......and shall raise substantially one definite issue."

**Mr. Afzal Khan Khoso** : That is the second part, Sir.

**Mr. Chairman** : But that does not go against his amendment.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : But the first part of sub-rule (3) says that "it shall be clearly and precisely expressed".

**Mr. Chairman** : Oh yes. It is clear and precise. So far as he is concerned, he says 'House or Lodge'. There is no ambiguity about that.

It may not be acceptable to you but there is no ambiguity about it. He says 'House or Lodge'. Where is the ambiguity.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : There is no ambiguity but in any case I feel personally that my amendment would make a better readability rather than his.

**Mr. Chairman** : Well, if it is not accepted by the Minister concerned, I have to allow discussion on his amendment. The entire thing boils down to this that there is a resolution in which he mentions 'House', You have moved an amendment to it that the 'House' should be substituted by 'Lodge'. There is a second amendment by the Minister concerned that it should read as 'House or Lodge'. If you agree amongst yourselves, I have no objection and if you don't agree I would like the House...

**Mr. Afzal Khan Khoso** : I accept 'Lodge or House'.

**Malik Mohammad Jafar** : Not 'Lodge or House' but 'House or Lodge'.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, 'House or Lodge'.

**Mr. Chairman** : Do you accept ?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, Sir.

**Mr. Chairman** : Do you want to withdraw your amendment in favour of his amendment ?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, Sir.

**Mr. Chairman** : Qazi Sahib, what is your position ? Have you any objection to the amendment moved by the Minister ?

**Qazi Faizul Haque** : I have no objection.

**Mr. Chairman** : All right. Well, there is a technical thing. I am told that the Minister cannot move an amendment because he is not a member of the Senate. The amendment must be in the name of member. Well, any other member can move it. A very obliging member here.

**Syed Qamaruz Zaman** : Sir, I beg to move :

> 'That the original resolution moved by Qazi Faizul Haque should read as under :
>
> "That the Senate is of the opinion that the Ziarat Residency, Baluchistan ; where the Quaid-e-Azam spent the last days of his life be named as the Quaid-e-Azam House or Lodge'.

**Mr. Chairman :** No, I will ask the House whether Qazi Sahib and Khoso Sahib are permitted to withdraw their respective resolutions. Do you want to withdraw in favour of the amended resolution, Qazi Sahib?

**Qazi Faizul Haque** : I have no objection.

**Mr. Chairman** : Have you accepted the wording of the amendment?

**Qazi Faizul Haque** : I accept the wording of the amendment.

**Mr. Chairman** : Do you withdraw your resolution in favour of the resolution suggested by Mr. Qamaruz Zaman Shah or not?

**Qazi Faizul Haque** : But still the resolution will be in my name.

**Mr. Chairman** : Well, what about it, Mr. Khoso?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : The position as I understand, is that the resolution will be in the name of Senator Qazi Sahib.

**Mr. Chairman** : All right. Let us have discussion on this amended resolution as put forward by Qazi Faizul Haque.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : I have no objection to this amendment.

**Mr. Chairman** : Now, we discuss the amended resolution as placed before the House by Senator Syed Qamaruz Zaman Shah. Yes, Sayed Qamaruz Zaman Shah, you can say something. It is not something which requires any detailed discussion because there is little scope of controversy. You must have realised the mood of the House. They all agree on this thing. You can say something formally in support of your amended resolution, you see.

**Syed Qamaruz Zaman :** May I make a humble submission, Sir ? Before I speak on the amended resolution, it has to be put to the House first allowing Mr. Afzal Khan Khoso to withdraw his amendment. Mr. Khoso has said that he withdraws his amendment, but the permission of the House is, I think, necessary.

**Mr Chairman** : Oh, you are right. Once he moved the amendment, permission is necessary. He did move his amendment and the House has not yet permitted him to withdraw that. Yes, Mr. Khoso.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Mr. Chairman, Sir, going strictly by the rules.

**Mr. Chairman** : You want to withdraw?

**Afzal Khan Khoso** : Of course, I do.

**Mr. Chairman** : Then you formally say it in so many words that you want withdraw your resolution in favour of that.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Sir I beg to move that I may have the permission of the House to withdraw the amendment moved by me to the original resolution presented by Senator Qazi Sahib.

**Mr. Chairman** : Has the gentleman, Mr. Khoso, permission to withdraw his amendment to the resolution?

**Voices** : Yes, Sir.

**Mr. Chairman** : No objection to it ? All right, The amendment moved by Mr. Khoso stands rejected,......

(*Pause*)

**Mr. Chairman** : Now we are left with the resolution and your amendment. First, we will discuss your amendment and if it is carried, well and good, the resolution is automaticaly dropped out, and if yours is rejected, we will have discussion over the resolution. Well, Mr. Khoso is knocked out. He is not there. Now we discuss the amended resolution moved by Mr. Qrmaruz Zaman Shah.

**Qazi Faizul Haque** : What about my resolution, Sir?

**Mr. Chairman** : Your resolution is there.

**Qazi Faizul Haque** : I have already moved it.

**Mr. Chairman** : But there is an amendment. There is an amendment to your resolution. Your resolution still stands. We want to see the fate of amended resolution.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Personally I feel that the mover may be given a chance because the resolution originally belongs to him.

**Mr. Chairman** : I think .........

(*Pause*)

**Mr. Chairman**: Well, I am not quite sure Mr. Ahmad Waheed Akhtar.

(*No reply*)

**Mr. Chairman** : Look here Mr. Ahmad Waheed Akhtar, Correct me if I am wrong. First we must hold discussion on the amended resolution made by Mr. Qamaruz Zaman Shah.

**Syed Qamaruz Zaman** : Sir, may I make a humble submission ?

I think no long discussion is really required on this amendment. The amendment has been accepted by everyone. The same may Kindly be put to vote and then Qazi Faizul Haque may be allowed to speak on his original resolution,

**Mr. Chairman** : Yours should be put to vote without any discussion.

**Syed Qamaruz Zaman** : I think every body agrees. At the time of discussing Mr. Khoso's amendment, we have talked about it.

**Mr. Chairman** : So, I will put the amended resolution to the House. It is the same. There is only a difference of aunt or uncle's wife, I am told that instead of calling it an amended resolution it will be amendment It comes to same thing. Now I will put the question to the House. The motion moved by Syed Qamaruz Zaman Shah is :

> "That the senate is of the opinion that the Ziarat Residency, Baluchistan, where Quaid-i-Azam spent the last days of his life may be named Quaid-i-Azam House or Lodge."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman** : There is no, 'No'. So, the amendments is carried unanimously.

Now, what is the next procedure ? When the amendment is carried, still will it be necessary to move the resolution ?

**جناب احمد وحید اختر :** جناب چیئر مین ! آپ نے کوئیسچن پٹ کر دیا ہے اور اس ایوان نے " آئیز " کہہ کر اسکو منظور کر لیا ہے - اس میں کوئی بات نہیں رہی ہے -

**Mr. Chairman** : That is the end. If the amendment is carried, the resolution has been adopted unanimously by the House as amended.

**Mr. Ahmad Waheed Akhtar** : That is the end of it Sir.

**قاضی فیض الحق :** ریزولیوشن تو میرا ہے -

**Mr. Chairman** : That is what my book says here.

(*Laughter and then pause*)

**قاضی فیض الحق :** مجھے تو ابھی اس پر تقریر کرنا ہے

**جناب احمد وحید اختر :** اب تو یہ کیری ہو گیا ہے - اب کیا رہا ہے ؟

**Mr. Chairman** : So, now the position is this that the amendment moved by Syed Qamaruz Zaman Shah has been adopted by the House. Now, on the original resolution, as amended, Qazi Faizul Haque will have a right to speak.

(*Pause*)

**Mr. Chairman** : Qazi Sahib, now you speak on the resolution as amended. Now your resolution will be :

> "That the Senate is of the opinion that the Ziarat Residency, Baluchistan, where Quaid-e-Azam spent the last days of his life, may be named Quaid-e-Azam House or Lodge."

This is now the resolution before the House, as amended. Now you speak on it.

**قاضی فیض الحق :** چیئرمین ! ۱۹۷۶ء کا سال قائد اعظم کا جشن صد سالہ تقریبات کا سال تھا ۔

**Mr. Chairman :** It is very good. You see, you make the Chair also wiser because more than half of the members present here are Lawyers, Advocates, Barristers and Counsels.

**قاضی فیض الحق :** میں کہہ رہا تھا کہ ۔

**جناب چیئرمین :** میں نے کہا کہ سینٹ میں آدھے سے زیادہ اراکین وکلاء صاحبان ہیں ۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے ۔ مسٹر احمد وحید اختر !

**جناب احمد وحید اختر :** وہ بات جو آپ فرما رہے ہیں ، قاضی صاحب کھڑے ہیں اور فلور آن کے پاس ہے اسلئے میں کچھ عرض نہیں کر سکتا ۔

**Qazi Faizul Haque :** I am speaking with the permission of the Chair.

**Mr. Chairman :** You will have as much time as you like, anything over and above that.

**جناب احمد وحید اختر :** جناب چیئرمین میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آپ نے ریزولیوشن ایز امنڈیڈ پٹ کر دیا ہے ہاؤس نے اس کو منظور کر لیا ہے ۔

**Mr. Chairman :** Amendment ?

**Mr. Ahmad Waheed Akhtar :** Yes, Sir, only amendment.

**Mr. Chairman :** Yes, you can. Well, you know, you say on one side, 'Yes' and the other side 'No', uncle's wife makes no difference. Now you speak on the resolution, alongwith the amendment carried by the House.

**قاضی فیض الحق :** جناب چیئرمین ! جیسا کہ آپ نے فرمایا ، اس کے ساتھ تو صرف ایک لفظ کا اضافہ ہونا تھا ۔ چونکہ تمام وکلاء صاحبان ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :** ۹۹ء۹ فیصد کریڈٹ آپ کو جائے گا کہ آپ نے ریزولیوشن پیش کیا تھا ۔

**Syed Qamaruz Zaman :** We do not want to take even 1 per cent ; 100 per cent will go to him.

**Mr. Chairman :** You don't correct him.

ریزولیوشن آپ کا ہے ۔

**قاضی فیض الحق :** ریزولیوشن تو میرا کوئی لے جا ہی نہیں سکتا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرے پاس ریکارڈ میں یہی ہے کہ قاضی صاحب نے یہ ریزولیوشن پیش کیا تھا ۔ He wants the feather in his cap.

قاضی فیض الحق : جناب چیئرمین میں نے عرض کیا تھا کہ ۱۹۷۶ء میں قائد اعظم کی صد سالہ جشن سالگرہ کا سال منایا گیا اور قائد اعظم کے صد سالہ پیدائش کے موقع پر انٹرنیشنل کانگرس آن قائد اعظم منعقد ہوئی ۔ جس کا افتتاح جناب وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کیا ۔ پارلیمنٹ کی جوائینٹ سٹنگ میں قائد اعظم کو ریفرنس پیش کیا گیا اور بابائے قوم کو نذرانہ عقیدت پیش کرنے کے لیے پارلیمنٹ کے ارکان اور وزیر اعظم پاکستان نے نذرانہ عقیدت پیش کیا ۔ میں نے بھی اس سلسلے میں یہ ریزولیوشن اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا ہے ۔ قائد اعظم ویسے تو ساؤتھ ایسٹ ایشیا اور مسلم دنیا کے عظیم لیڈر تھے ۔ لیکن بلوچستان کے لوگوں پر بھی اُن کے بڑے احسانات ہیں ۔ ۱۹۲۹ میں انہوں نے اپنے چودہ نکات میں بلوچستان کو صوبائی درجہ دینے کا مطالبہ کیا تھا اور مسلسل بلوچستان کی پس ماندگی اور غربت دور کرنے کے لئے ہمیشہ آواز اُٹھائی کہ بلوچستان کو بھی متحدہ ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے برابر لایا جائے ۔ پھر جب پاکستان بنا تو فروری ۱۹۴۸ء میں سبی دربار میں قائد اعظم نے بلوچستان کو صوبائی درجہ دینے کے لئے پہلا قدم اٹھایا اور ایک ایڈ وائزری کمیٹی کی تشکیل کی ۔ لیکن اس وقت بلوچستان کی صورت حال یہ تھی کہ پانچ اضلاع پر مشتمل برٹش بلوچستان ہوا کرتا تھا جس کا سالانہ دربار سبی میں ہوتا تھا اور دوسری طرف بلوچستان میں فاران قلات حکمران ، اور لسبیلہ چار ریاستیں تھیں ۔ اس وقت تک بعض ریاستیں پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ نہ کر سکیں تھیں ۔ یہ ۱۹۵۴ء میں ہوا ۔ جب ون یونٹ بنا تو بلوچستان کو سینیٹ یونین کے اندر رکھا گیا اور اس کے بعد ایک ڈویژن کا درجہ دیا گیا ، کوئٹہ ڈویژن اور قلات ڈویژن میں ۔ میرا مقصد یہ ہے کہ میں بلوچستان کی اُس وقت کی صورت حال اور بعد کی صورت حال اور بلوچستان کو صوبائی درجہ دینے کی جو قائد اعظم کی خواہش تھی ، وہ معزز ارکان کے سامنے رکھوں گا ۔ تو یہ تھے وہ واقعات جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ قائد اعظم کے دل میں بلوچستان کے عوام کے لئے کیا مقام تھا ۔ لیکن اُن کی زندگی نے وفا نہ کی اور بلوچستان کے عوام کی بدقسمتی تھی کہ ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ کو قائد اعظم ہم سے جدا ہو گئے ۔ قائداعظم نے اپنی زندگی کے آخری ایام ستمبر ۱۹۴۸ میں زیارت کے مقام پر ، جو کوئٹہ سے اسی (۸۰) میل دور ایک ہل سٹیشن ہے ، وہاں پر زیارت ریذیڈنسی میں گزارے ۔ وہاں پر بیماری کی حالت میں بھی ، جب اُن کی صحت تھوڑی سی اچھی ہوتی تھی ، بلوچستان کے عوام کے مختلف وفود سے ملتے رہے ۔ میں خود اس بات کا گواہ ہوں ۔ ۷ ستمبر ۱۹۴۸ء کو فورٹ سنڈیمن میں ، جو زیارت سے ڈیڑھ سو میل دور ہے ، مجھے اطلاع ملی کہ قائد اعظم کو کچھ خاص پرندوں

کی ضرورت ہے - ڈاکٹروں نے اُن پریدوں کا سوپ بنانے کا مشورہ دیا تھا - مجھے یہ بات کہنے میں فخر ہے کہ وہ پرندے میں نے اکٹھے کر کے زیارت پہنچائے - لیکن جب میں وہاں پہنچا تو اُس وقت بھی قبائلی معززین وہاں بیٹھے تھے - انہوں نے کہا کہ کل قائد اعظم نے اُن سے ملاقات کی تھی ، اُن کی طبعیت خراب ہے - اُن کی طبعیت ٹھیک ہوئی تو ہم اُن سے ملیں گے - میں نے عرض کیا کہ وہ تو بیمار ہیں - اس سے میری مراد یہ ہے کہ اُن کے دل میں بلوچستان کے عوام کے لئے کتنا درد تھا ، اپنے آخری ایام میں مرض کی حالت میں بھی ! ۱۱ ستمبر کو انہیں کراچی لے جایا گیا جہاں انہوں نے اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر دی - چونکہ ۱۹۷۶ء میں قائد اعظم کی صد سالہ سالگرہ کا جشن منایا گیا تھا ، یہ ریزولیوشن میں نے سال کے اختتام پر اسی ایوان کے سامنے پیش کیا تھا ، کہ بلوچستان کے عوام کی طرف سے اظہار عقیدت کرنے کے لئے بلوچستان کی اُس زیارت ریذیڈنسی کا نام قائد اعظم ہاؤس یا جیسے کہ امنڈمنٹ ہے ، قائد اعظم لاج رکھا جائے تاکہ بلوچستان میں بھی اُن کے نام سے کوئی چیز ، کوئی جگہ منسوب ہو اور آئیندہ آنے والی نسلوں کو یہ پتہ چلتا رہے کہ قائد اعظم نے ہمارے لئے کیا کیا تھا - ان معروضات کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** شکریہ ، شیخ محمد عمر -

**شیخ محمد عمر :** جناب والا ! قاضی صاحب کی اس قرار داد کی حمایت میں میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - اس میں کوئی شک نہیں کہ بابائے قوم کو ہر خطے ہر انچ سے محبت تھی ، خواہ وہ بلوچستان ہو ، خواہ پنجاب ہو ، خواہ بنگال تھا ، خواہ سندھ ہو - کوئی بھی خطہ ، جو پاکستان میں شامل تھا ، قائد اعظم کے دل میں اس کے لئے عقیدت اور محبت تھی اور وہ چاہتے تھے کہ پاکستان کا ہر خط ترقی کرے - لیکن جب کہ قاضی صاحب نے کہا ، وہ چاہتے تھے کہ بلوجستان کا ہر صوبہ ہر طرح سے ترقی کرے اور جمہوری اور جس مقصد کے لئے پاکستان بنایا گیا تھا وہ بھی اس میں شامل ہو کر یکسان طور پر یہ علاقہ ترقی کرے - قاضی صاحب نے اپنی معلومات کی بناء پر جو کچھ فرمایا ، قائد اعظم کی تمنائیں ، بلوچستان کے وہ لوگ جنھوں نے قائد اعظم کا ساتھ دیا تھا ، بعض سیاسی بناء پر ، وہ ان کی نظر میں تھا ، جس کی بناء پر وہ چاہتے تھے کہ وہاں کی سابقہ یونینیں ، ریاستیں ایک جگہ متحد ہو کر پاکستان کے ساتھ الحاق کریں - لیکن کچھ حالات کی وجہ سے ان کو انتظار کرنا پڑا - ۱۷ مارچ ۱۹۲۸ء کو جب مکران اور فاران نے الحاق کیا تو اس کے بعد قلات کے الحاق کے لئے بھی وہ مجبور ہو گئے اور انہوں نے بھی الحاق کر لیا - ان حالات میں بلوچستان میں ہر طبقہ ، خواہ وہ امیر ہو یا غریب یا سردار ، جو بھی

[Sheikh Mohammad Umar]

بلوچستان میں تھا اس کو قائد اعظم کے ساتھ بے پناہ محبت تھی اور ان کی بھی تمنا تھی کہ وہ اس صوبے کو اس درجے پر لائیں ، جس طرح متحدہ ہندوستان کے دوسرے صوبے تھے اور حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے آخری ایام ، اپنی زندگی کے بلوچستان میں زیارت کے مقام پر گزارے ، اس لئے اس ریزولیوشن کی اہمیت ہے ، اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ جگہ کا نام قائد اعظم ہاؤس یا لاج ، جیسے بھی صورت ہو ، رکھا جائے - ہمیں یہ خوشی ہے کہ بلوچستان میں بھی قائد اعظم کے نام پر کوئی چیز منسوب ہو - انہی الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

**Mr. Afzal Khan Khoso**: I am not going to make a lengthy speech but I have just stood up to lend my full support to the mover of the resolution, Senator Qazi Faizul Haq, and I also fully endorse the views expressed by Senator Shaikh Umar Khan. I had moved that the last words be left to the option of the Government. Personally, it does not make any difference whether the Government adopts the word "House" or "Lodge" as long as the word "Quaid-e-Azam" is there, and that is going to be there. I have suggested that it should be named "Quaid-e-Azam House" or "Quaid-e-Azam Lodge".

In may view, the word "Lodge" makes the readability better as compared to "House". As far as the love of Quaid-e-Azam for the people of Baluchistan was concerned, that was very evident from the fact that he normally used to go to Ziarat, although we have in Pakistan many better health resorts like Kaghan in our northern area and, for that matter, there are till better health resorts having far superior means of communication and other facilities than Ziarat, but it was not only from health point of view that the Quaid-e-Azam used to come here, but it was mainly for his love for the people of Baluchistan and Baluchistan itself that he visited this place. I think, it will be a befitting tribute if we name that place as "Lodge" in the name of the Quaid-e-Azam. The word "Residency" is a colonial term and, therefore, will not be suitable. I would submit that if we name that place with the name of "Quaid-e-Azam", who had such great love for that particular place, I think, we will be contributing some thing and paying homage and respect to the departed soul of the Father of the Natian.

**جناب نرگس زمان خان کیانی :** جناب چیئر مین ! قائد اعظم کو سندھ ، سرحد ، بلوچستان اور آج کے بنگلہ دیش اور اس وقت کے مشرقی پاکستان سے پیار و محبت تھی - چونکہ انہوں نے اپنی زندگی کے آخری ایام زیارت کے مقام پر بلوچستان میں گذارے - اس لحاظ سے بلوچستان کو فوقیت حاصل ہے ، بلوچستان کے عوام اس لحاظ سے مبارک باد کے مستحق ہیں کہ جنہوں نے ۱۹۷۶ء کے دوران ، جسوقت عوام قائد کی ولادت کا صد سالہ جشن منا رہے تھے ، تو انہوں نے قاضی فیض الحق سینیٹر صاحب کو ، گذارش کی کہ آپ ہماری ترجمانی کرتے ہوئے ایوان بالا میں جا کر یہ قرار داد پیش کریں تا کہ اس کا نام قائد اعظم کے نام سے منسوب کیا جا سکے -

جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ اس وقت جو لوگ موجود ہیں جو قائد اعظم سے ملے ہیں اور ان کو اچھی طرح جانتے ہیں ، لیکن رفتہ رفتہ جب زمانہ گذرتا جاتا ہے تو آنے والی نسلیں ایسی شخصیات سے محروم ہو جاتی ہیں ، جن کی یاد کے لئے کوئی چیز مخصوص نہیں ہوتی ہے ، اسلئے آنے والی نسلوں کی یاد تازہ کرنے کے لئے زیارت کے مقام کو ، جہاں پر کہ قائد اعظم نے اپنی زندگی کے آخری ایام بسر کئے ہیں ، اس کو قائد اعظم کے نام سے منسوب کیا جائے ۔ اس لئے یہ قرار داد نہایت اچھی قرار داد ہے ، میں اس کی پر زور الفاظ میں حمایت کرتا ہوں اور جہاں تک ان دو الفاظ '' ہاؤس یا لاج '' کا تعلق ہے ۔ '' ہاؤس '' کا لفظ تو قاضی صاحب نے تجویز کیا ہے ، لیکن اس میں جناب افضل کھوسو صاحب نے ایک ترمیم '' لاج '' کے نام سے دی ہے کہ اس کا نام قائد اعظم لاج رکھا جائے ۔ لیکن چونکہ اب تک دونوں الفاظ سامنے ہیں ، اس لئے میں سمجھ نہیں سکا کہ کون سا لفظ استعمال کیا جا رہا ہے ۔ لیکن میرے خیال میں ہاؤس تو ایک عام لفظ ہے کہ یہ فلاں ہاؤس ہے ، لیکن لاج کا لفظ ایک مخصوص لفظ ہے اس لئے اگر لاج کے لفظ کو رکھا جائے تو میرے خیال میں بہتر رہے گا ۔

**جناب احمد وحید اختر :** جناب چیئر مین ! زیر بحث ریزو لیشن کی میں پر زور تائید کرتا ہوں اور ہاؤس کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ اس کو پاس کیا جائے ۔ لیکن میرے خیال میں ' ہاؤس ' کا لفظ عام ہے مثلاً کیڈٹ کالج میں ایک 'قائد اعظم بلاک ' ہے اور اسی طرح اور بھی بے شمار مثالیں ہیں ۔ لیکن ریزولیشن میں الفاظ زیارت ریذیڈنسی کے ہیں کہ ان کو بدل کر ' قائد اعظم ہاؤس رکھا جائے اور اس میں ایک ترمیم بھی آئی ہے کہ ' ہاؤس ' کی بجائے ' لاج ' رکھا جائے ۔ لیکن میرے خیال میں ' لاج ' کا لفظ بہتر ہے اور میں وزارت سے درخواست کروں گا کہ اس میں زیارت کا بھی لفظ ہے اس کا بھی خیال رکھا جائے اور اس نقطہ نظر کو سامنے رکھا جائے کہ یہ نام سینیٹ نے تجویز کیا ہے اور رکھا ہے ان نا چیز گذارشات کے ساتھ میں ، اس قرار داد کی پر زور تائید کرتا ہوں ۔

**جناب چیئر مین :** شکریہ ۔ یس ، جناب محمد ہاشم غلزئی ،

**جناب محمد ہاشم غلزئی (قائد حزب اختلاف) :** جناب چیئر مین ! مجھے خوشی ہے کہ بلوچستان کی طرف سے میرے محترم دوست قاضی صاحب نے قائد اعظم کی یاد تازہ کرنے کے لئے قرار داد پیش کی ہے ۔ میں اس کی تائید کرتا ہوں کہ اگر قاضی صاحب مجھ سے مشورہ کرتے تو میں انہیں مشورہ دیتا کہ یہ مکان تو انگریزوں کا بنا ہوا ہے ، لہذا اس کے ساتھ ایک ادارہ قائم کیا جائے یا ایک سینار تعمیر کیا جائے یا یہ

[Mr. Mohammad Hashim Ghilzai]

خود تعمیر کرتے یا صوبائی گورنمنٹ کو کہتے - بہر حال میں عرض کرتا ہوں کہ قائد اعظم کو بلوچستان سے گہری محبت تھی ، مجھے یاد ہے کہ اکتوبر ۱۹۳۹ء میں جب لکھنؤ میں پاکستان مسلم لیگ کا اجلاس ہو رہا تھا تو بلوچستان کی قیادت کے لئے میں نے اس اجلاس میں شرکت کی تھی -

جناب چیئرمین ! میں نے وہاں ایک قرار داد سب کمیٹی میں پیش کی اور چونکہ میں بلوچستان کی طرف سے واحد فرد تھا جو بلوچستان کی نمائندگی کر رہا تھا تو سیلیکٹ کمیٹی میں میں نے قرار داد پیش کی ، جس میں میں نے لکھا تھا کہ جب پاکستان بن جائے گا تو بلوچستان کو مکمل صوبائی خود مختاری کا درجہ دیا جائے complete Provincial autonomy تو اس قرار داد میں قائد اعظم نے مجھ سے کہا کہ اگر آپ سمجھتے ہیں تو میں اس میں ایک لفظ کی ترمیم کرنا چاہتا ہوں تو میں نے کہا کہ بالکل آپ کر سکتے ہیں تو انہوں نے اپنے ہاتھ سے لکھا کہ 'میں بلوچستان کو' کمپلیٹ اینڈ فل فلیجڈ پراونشل اٹانومی دوں گا جب پاکستان بن جائے گا اور اس کو متفقہ طور پر منظور کیا گیا اور جب لکھنؤ کے جنرل اجلاس میں یہ قرار داد پیش ہو رہی تھی تو انہوں نے مجھے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ اس قرار داد کو میں چیئر کی طرف سے پیش کروں اور متفقہ طور پر میں نے وہ بات مان لی اور انہوں نے چیئر کی طرف سے اتفاق رائے سے وہ قرار داد پیش کی اور اگر وہ زندہ رہتے تو وہ یقینی طور پر بلوچستان کے لئے بہت کچھ کرتے - اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قائد اعظم کو بلوچستان کے عوام سے کتنی محبت تھی اور وہ وہاں کے غریب عوام کے لئے کیا کچھ کرنا چاہتے تھے - ان چیزوں کو سامنے رکھ کر میں اس کے بعد بھی انشا اللہ کوشش کروں گا کہ بلوچستان میں ان کے لئے ایک شاندار یادگار قائم کی جائے خواہ وہ ٹیکنالوجی کے کسی انسٹیٹوٹ کی شکل میں ہو یا یتیم خانے کی شکل میں ہو یا مدرسہ کی شکل میں ہو - بہر صورت میں اس کی پر زور تائید کرتا ہوں اور ہاؤس کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے اس قسم کی قرار داد منظور کر کے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے - شکریہ

**Mr. Chairman** : Thank you. Should I put the amended resolution to the House ?

(*At this stage Malik Mohammad Jafar rises in his seat*)

Would you like to speak ?

**ملک محمد جعفر** (وزیر مملکت برائے سائنس و ٹیکنالوجی ، ثقافتی امور اور صوبائی رابطہ) :
جناب چیئرمین ! بابائے قوم حضرت قائد اعظم کی یاد میں گذشتہ سال جو تقریبات

ہوئی ہیں ، ان کا تفصیل سے ذکر کرنا ضروری نہیں ہے ، لیکن ان کی یاد میں مزید کوئی اور کام کرنا یا اس کی تجویز پیش کی جائے تو ظاہر ہے کہ پاکستان کے تمام لوگ اس کو پسند کریں گے اور حکومت بھی پسند کرے گی اور جو مقصد اس قرار داد میں پیش کیا گیا ہے میں اس کے مکمل اتفاق ہے اور اس سے پہلے اسلام آباد یونیورسٹی کا نام قائد اعظم یونیورسٹی رکھا گیا ہے اور یہ بھی تجویز منظور ہو چکی ہے کہ اسلام آباد میں قائد اعظم کی یاد میں ایک میوزیم قائم کیا جائے گا ، کراچی میں گورنمنٹ نے قائد اعظم اکیڈمی قائم کی ہے اور یہ تجویز قائد اعظم کی رہائش کی ہے کہ اس کو ان کے نام کے ساتھ منسوب کیا جائے تو گورنمنٹ کو اس سے مکمل طور پر اتفاق ہے ۔ اب رہا یہ سوال کہ ایک ترمیم کے ذریعے دو نام تجویز کئے گئے ہیں ۔ ان دونوں ناموں میں سے کون سا نام رکھا جائے ؟ اتفاق سے دونوں نام انگریزی کے ہیں اور اگر کسی ممبر نے اپنی زبان میں کوئی تجویز کی ہوتی تو شاید ہم اس کے بارے میں بھی سوچ لیتے بہر حال 'ہاؤس' اور 'لاج' دونوں کے حق میں دلائل دیئے گئے ہیں اور گورنمنٹ نے ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے اس کے متعلق ہماری وزارت کلچر ہے اور ہمارے مشیر ہیں ، وہ سارے سوچ سکتے ہیں تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے ، اصل غرض یہ ہے کہ قائد اعظم کے نام سے وابستہ کیا جائے اور پھر غلزئی صاحب نے فرمایا ہے کہ یہاں ایک ادارہ قائم کیا جائے تو اس تجویز کے بارے میں بھی ہم غور کریں گے کہ آیا ہم قائد اعظم کی یاد میں ان کے نام سے جو مکان منسوب کرتے ہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ ان کے شایان شان اس کا انتظام کیا جائے ، بہر حال پہلے ہی سے ہمارے سامنے ایک تجویز ہے کہ ایک میوزیم قائم کیا جائے اور قائد اعظم کے استعمال میں جو اشیاء تھیں ، وہ وہاں رکھی جائیں اور جو فرنیچر اور چیزیں ان کے استعمال میں تھیں ، وہاں رکھی جا سکیں ۔ بہر حال ہم کوشش کریں گے کہ جو چیز ان کے نام کے ساتھ وابستہ ہو ، پھر اس کی شان اور زیبائش جو ہے وہ اچھی نظر آئے ، بہرحال میں قاضی صاحب کا ممنون ہوں کہ انہوں نے گورنمنٹ کی توجہ ایک اچھی تجویز کی طرف دلائی ہے اور بلوچستان کے متعلق قائد اعظم نے کوشش کی تھی کہ اس کو صوبے کا درجہ دیا جائے ، وہ ان کی بہت پرانی کوشش تھی اور اسی طرح صوبہ سرحد کو علیحدہ صوبہ بنانے کے لئے ہندوستان کی اسمبلی میں اور اپنے تمام سیاسی عمل میں اس بات کو شامل رکھا ہے ، لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ خود بلوچستان کو بہت بڑی سعادت حاصل ہے کہ قائد اعظم نے اپنے آخری ایام اس صوبے میں گذارے اور اپنے آخری ایام میں وہاں رہے تو اس کے ساتھ میں قاضی صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ، جو بلوچستان کے سینیٹر ہیں کہ انہوں نے اس قرار داد کو پیش کیا اور ہم اس کی پوری طرح حمایت کرتے ہیں اور گورنمنٹ کو اس سے پورا اتفاق ہے ۔

**Mr. Chairman** : Now, I put the amended resolution to the House. The amended resolution reads :—

> "That Senate is of the opinion that the Ziarat Residency, Baluchistan ; where the Quaid-i-Azam spent the last days of his life, be named as Quaid-i-Azam House or Lodge."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman** : The amended Resolution is adopted unanimously.

## MOTION *RE* : UNSATISFACTORY CONDITIONS PREVALENT IN THE PAKISTAN RAILWAYS

**Mr. Chairman** : Now, we take up the last motion. It has already been moved. It was under discussion. It was in the name of Ch. Mohammad Aslam. It was moved on 31st December, 1976.

Now, there is a request from the Ministry of Railways. I will read it out.

The Secretary,

Senate of Pakistan,

Islamabad.

The Minister for Railways is on official tour outside Islamabad. It is, therefore, requested that motion under Rule 187 in the name of Senator, Ch. Mohammad Aslam, regarding unsatisfactory conditions prevalent in passenger trains be deferred to next private Members' day.

Is there any objection. ?

**Voices** : No objection, Sir.

**Mr. Chairman** : Do you all agree ?

**Voices** : Yes, Sir.

**Mr. Chairman** : So, this motion is also deferred for further consideration to some other private members' day. Now, there is no other business left. Every thing is over. We would like to meet tomorrow in the morning as requested by the Law Minister. So, the House is adjourned to meet tomorrow at 10 a. m.

---

(*The House then adjourned till ten of the clock in the morning on Saturday, January 8, 1977*)

---